## وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک کی لندن میں ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے ملاقات

### ملک کے سیاسی ومعاشی بحران، امن وامان بالخصوص قبائلی علاقوں کی تیزی سے بگڑتی ہوئی صورتحال اور مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

### اگر اب بھی ہم نے صورتحال پر قابو نہ پایا تو ملک نا قابل تلافی نقصان سے دوچار ہوسکتا ہے۔الطاف حسین

### ملک کے نازک حالات کے بارے میں جناب الطاف حسین کی تشویش سے اتفاق ہے۔رحمٰن ملک

### قوم کو آپ سے بہت امیدیں وابستہ ہیں،موجودہ نازک صورتحال میں حکومت کو آپ کے تعاون کی ضرورت ہے۔رحمٰن ملک

### ملک کو بچانے کیلئے اپنی بساط کے مطابق ہرممکن تعاون کرنے کیلئے تیار ہیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔18جولائی2008ء

وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے گزشتہ روز ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کی۔ملاقات تقریباً تین گھنٹے تک جاری رہی جس کے دوران ملک کے سیاسی ومعاشی بحران، ملک میں امن وامان کی خرابی بالخصوص قبائلی علاقوں کی تیزی سے بگڑتی ہوئی صورتحال اور مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان آج جس قسم کے خطرات اور نازک صورتحال سے گزر رہا ہے،اس سے پہلے کبھی ایسی صورتحال نہ تھی۔انہوں نے کہا کہ قبائلی علاقوں میں بڑے پیمانے پر ہونے والی دہشت گردی کی وجہ سے ملک نہ صرف داخلی طور پر غیر مستحکم ہورہا ہے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ سرحدوں کی سلامتی کو بھی شدید خطرات لاحق ہوگئے ہیں اور اگر اب بھی ہم نے اس صورتحال پر قابو نہ پایا تو ملک نا قابل تلافی نقصان سے دوچار ہوسکتا ہے۔جناب الطاف حسین نے مشیر داخلہ رحمٰن ملک کو صوبہ سندھ خصوصاً کراچی میں طالبانائزیشن کی سازشوں اور طالبان کی تیزی سے کراچی میں آمد اور سرگرمیوں سے بھی آگاہ کیا اور اس پر اپنی تشویش کا اظہار کیا۔مشیر داخلہ رحمٰن ملک نے قبائلی علاقوں کی سنگین صورتحال اور اس کی وجہ سے ملک کے نازک حالات کے بارے میں جناب الطاف حسین کی تشویش سے اتفاق کیا اور کہا کہ حکومت مٹھی بھر دہشت گردوں کے سامنے نہیں جھکے گی اور اسٹیٹ کی رٹ کو چیلنج کرنے والوں سے سختی سے نمٹے گی۔رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ قوم کو آپ سے بہت امیدیں وابستہ ہیں اور موجودہ نازک صورتحال میں حکومت کو آپ کے تعاون کی ضرورت ہے۔اس پر جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک کو بچانے کیلئے ایم کیوایم حکومت اور تمام دفاعی اداروں کو ہم پہلے ہی غیر مشروط تعاون کی پیشکش کرچکی ہے،ہم ملک کو بچانے کیلئے اپنی بساط کے مطابق ہرممکن تعاون کرنے کیلئے تیار ہیں۔رحمٰن ملک نے موجودہ صورتحال میں ایم کیوایم کی جانب سے ہرقسم کی محاذ آرائی سے گریز اور افہام وتفہیم کی پالیسی کو سراہا۔انہوں نے اس سلسلے میں پیپلز پارٹی کے بارے میں سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال کے گزشتہ روز کے بیان کا بھی خیرمقدم کیا اور کہا کہ دیگر جماعتوں کو بھی معاملات کے حل کیلئے اسی طرح افہام وتفہیم کا راستہ اختیار کرنا چاہیے۔

## محمد عظیم کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔18،جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلح دہشتگردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن محمد عظیم کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد عظیم شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل دے۔(آمین)

## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن محمد عظیم دہشتگردوں کی فائرنگ سے شہید ہوگئے

## شہید کو ہفتہ کے روز کورنگی کے قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا

## محمد عظیم کا قتل شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔18، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ لانڈھی سیکٹر یونٹ 83 کے کارکن محمد عظیم ولد محمد صابر نامعلوم موٹر سائیکل سوار مسلح دہشتگردوں کی اندھادھند فائرنگ سے شہید ہوگئے۔ (اناللہ وانالہ راجعون) تفصیلات کے مطابق محمد عظیم جمعہ کی شام لانڈھی کے علاقے میں میں واقع بی اسکول کے قریب اپنے رشتہ دار کی عیادت کرنے جارہے تھے کہ راستے میں موٹر سائیکل سوار دہشت گردوں نے ان پر فائرنگ کردی۔ دہشت گردوں کی فائرنگ سے محمد عظیم کو سینے پر چار گولیاں لگیں اور وہ شدید زخمی ہوگئے۔ انہیں تشویشناک حالت میں مقامی اسپتال لے جایا گیا تاہم وہ شدید زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے راستے میں شہید ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب بخاری، شکیل عمر، ڈاکٹر عاصم رضا اور ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کمیٹی کے ارکان وکارکنان کی بڑی تعداد اسپتال میں پہنچ گئی۔ 40 سالہ محمد عظیم شہید شادی شدہ تھے اور انہوں نے بیوہ، تین بیٹیاں اور دو بیٹے سوگوار چھوڑے ہیں۔ دریں اثناء عظیم شہید کو ہفتے کی روز بعد نماز ظہر کورنگی نمبر 6 کے مولا مدد قبرستان میں سپرد خاک کیا جائیگا۔ مزید براں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کورنگی میں مسلح دہشتگردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 83 کے کارکن محمد عظیم ولد محمد صابر کے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مسلح دہشت گرد ایک سازش کے تحت ایم کیوایم کے کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنارہے ہیں تاکہ اشتعال انگیز کارروائیوں کے ذریعہ شہر کا امن وسکون غارت کیا جاسکے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان سے کہا کہ وہ کسی بھی اشتعال انگیزی کے جواب میں ہرگز مشتعل نہ ہوں اور پرامن رہ کر شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش کو ناکام بنادیں۔ رابطہ کمیٹی نے وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ محمد عظیم کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور قاتلوں کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت ترین سزادی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور شہید کے بلند درجات اور سوگوار لواحقین کے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

## مہاجر رابطہ کونسل کے صدر یعقوب بندھانی کے بھائی محمد یونس انتقال کرگئے

## مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کے ذمہ داران کی شرکت، رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔18، جولائی 2008ء

مہاجر رابطہ کونسل کے صدر یعقوب بندھانی کے چھوٹے بھائی محمد یونس طویل علالت کے بعد جمعے کے روز کراچی کے مقامی اسپتال میں انتقال کرگئے (اناللہ وانالہ راجعون) مرحوم کی عمر 55 سال تھی اور مرحوم کے سوگواران میں 7 لڑکیاں اور 6 لڑکے شامل ہیں۔ محمد یونس عرصہ دارز سے کینسر کے عارضے میں مبتلا تھے اور کراچی کے مقامی اسپتال میں زیر علاج تھے کہ جمعے کے روز اچانک ان کی طبیعت خراب ہوگئی اور ڈاکٹرز کی تمام کوششوں کے باوجود وہ اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ دریں اثناء محمد یونس مرحوم کو گلشن اقبال کے عیسیٰ نگری قبرستان سپرد خاک کردیا گیا، مرحوم کی نماز جنازہ بعد نماز عشاء جامعہ مسجد قباء بٹواہاؤس بندھانی کالونی میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کے ذمہ داران، مہاجر رابطہ کمیٹی کی شوریٰ کمیٹی کے ارکان، علاقائی سیکٹر ویونٹوں کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی اور مہاجر رابطہ کونسل کی شوریٰ کمیٹی کے ارکان نے مہاجر رابطہ کونسل کے صدر یعقوب بندھانی کے چھوٹے بھائی محمد یونس کے انتقال پر گہرے رنج وغم اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ایک انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور سوگواران صبر جمیل دے۔ (آمین)

## مہاجر رابطہ کونسل کے صدر یعقوب بندھانی کے بھائی محمد یونس کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔18، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مہاجر رابطہ کونسل کے صدر یعقوب بندھانی کے چھوٹے بھائی محمد یونس کے انتقال پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے یعقوب بندھانی سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں اور دکھ کی گھڑی میں آپ کے ساتھ ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کا حوصلہ اور صبر جمیل دے۔(آمین)

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر اور میر پور زون کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکن سید محی الدین کے والد سید امیر الدین اور ایم کیوایم میر پور خاص زون یونٹ 4/A کے کارکن اشفاق راجپوت کے والد عبدالکریم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆